سوال

(46) کیا کتاب اور شریعت ایک ہی چیز کے دونام ہیں۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

کیا کتاب اور شریعت ایک ہی چیز کے دونام ہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب کے دو معنی ہیں۔ایک آسمانی وحی جو الہامی لفظ میں انبیائے کرام پر نازل ہوئی تھی جیسے قرآن توراۃ وغیرہ اس کے علاوہ انبیاء کے قلب پر مضمون القا ہوتا تھا۔جسے وہ اپنے لفظوں میں بیان کرتے تھے۔اس کو حدیث انبیاء کہتے ہیں۔ان معنی سے کتاب خاص ہے۔اور شریعت عام ہے۔جو دونوں کو شامل ہے۔دوسرے معنی کتاب کے ہیں شریعت الٰہی جو دونوں حصوں کو شامل ہے ان معنی سے کتاب اور شریعت ایک ہی چیز ہے۔

تشریح۔

یہی سنت نبوی ﷺ کا مفہوم ہے۔۔حضرت علامہ سید سلمان ندوی سیرت نبوی ﷺ پر لکھتے ہیں کتاب اصولی احکام میں اور سنت ان احکام کی اصولی احکام کی عملی تشریع اور بیان ہے۔کتاب براہ راست وحی الٰہی کا نتیجہ اور سنت نبوی ہے۔کتاب بلفظ وحی ہے۔سنت بالمعنی پیغمبر ﷺ کی وحی اور ملکہ نبوت دونوں کے احکام واجب الاتباع ہیں وحی اور ملکہ نبوت پر ایک علمی مقالہ اہل حدیث 6 ربیع الثانی 1350 ہجری میں دیکھئے۔(فتاویٰ ثنائیہ جلد 1 صفحہ 1-109

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 149-162